© rasailojaraid.com



**کیا ہم مسلمان ہیں؟** مصنف: استاد محمد قطب۔ مترجم: ساجد الرحمٰن صدیقی۔
ناشر: مکتبہ تعمیر انسانیت۔ اردو بازار۔ لاہور۔

جیسے کہ ناشر نے خود ہی تلخیص بیان کر دی ہے، اس کتاب کے ایک حصہ میں اسلام کا حقیقی مفہوم بیان کیا گیا ہے، دوسرے حصے میں قرونِ اولیٰ کے مسلم معاشرے کی تصویر دکھائی گئی ہے، پھر ایک حصے میں یہ بتایا گیا ہے کہ صحیح راستے سے انحراف کیسے ہوا۔ انحراف کے داخلی عوامل کو بیان کرنے کے ساتھ ساتھ دورِ جدید کے افکار و نظریات، صلیبی جنگوں، مشنری اداروں کے اثرات کا تذکرہ کیا گیا ہے، نیز دکھایا گیا ہے کہ عالم اسلام اور اسلامی تحریکوں کے خلاف کس طرح کی سازشیں کی گئیں۔ آخر میں اسلام کی نشاۃ ثانیہ کے امکانات کو امید افزا انداز میں سامنے لایا گیا ہے۔ ہماری رائے میں عالم اسلام کی ایک فاضل شخصیت کی لکھی ہوئی یہ کتاب ہمارے اندر صحیح مسلمان بننے اور اسلام کی خدمت کرنے کا جذبہ پیدا کرنے والی ہے۔

---

**کتاب الدعا** از جناب اشرف علی قریشی، جامعہ اسلامیہ پشاور۔ ملنے کا پتہ: مؤتمر المولفین جامعہ اشرفیہ علامہ عبدالودود قریشی روڈ پشاور۔ قیمت: دس روپے

دعا کے موضوع پر پچھلے چند برس میں کئی کتابیں شائع ہوئی ہیں۔ یہ کتاب بہت اچھی ہے۔ اس میں نہ صرف ہر موقع و ضرورت کے لیے مسنون دعائیں مع ترجمہ درج ہیں بلکہ مقدمہ نہایت اہم ہے جس میں دعا اور شرائط قبولیت کو واضح کیا گیا ہے۔ ابتدا ہی میں یہ بھی بتا دیا گیا ہے کہ شرک اور ظلم کی نجاست سے پاک ہو کر خدا کے سامنے عاجزی سے ہاتھ پھیلانے چاہئیں۔

---

**معجزانہ ولادت عیسیٰؑ ابن مریم** از چوہدری محمد سرفراز خاں موضع کالرہ کلاں ضلع گجرات۔ مؤلف سے بلا قیمت مل سکتی ہے۔

عجیب بات ہے کہ دار الحدیث گجرات کے حافظ عنایت اللہ اثری انکارِ معجزات کی راہ پر چل نکلے ہیں۔ انہوں نے ایک رسالہ "عیونِ زمزم فی میلاد عیسیٰؑ ابن مریم" لکھا اور حضرت عیسیٰ کی بغیر باپ کے پیدائش کے خلاف بحث کی۔ اس بحث کا بہت پر زور جواب پیش نظر رسالے

© rasailojaraid.com